PRE SECONDARY SCHOLARSHIP EXAMINATION (STD. 8TH), FEBRUARY 2017

نشست نمبر

# 0211

Set **A**

# Medium : Urdu

زبان اول اور علم ریاضی

**First Language and Mathematics**

امتحان پرچہ نمبر I

صفحات : 32

وقت : 11.00 To 12.30

کل مارکس : 150

**سوالیہ پرچہ حل کرنے سے پہلے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیئے ۔**

(1) اس سوالیہ پرچہ کے دو حصّہ ہیں۔ حِصّہ "I" میں زبان اول (اُردو) کے لئے **25** سوالات ہیں۔ حِصّہ II میں علم ریاضی کے لئے **50** سوالات ہیں۔اس طرح سوالیہ پرچہ میں کُل 75 سوالات ہیں۔ ہرسوال کو حل کرنا ضروری ہے۔


(2) ہرسوال کے **2** نمبرات ہیں۔

(3) سوالیہ پرچہ حل کرنے کے لئے کُل **90** منٹ کا وقت دیا جائے گا۔


(4) جواب کا اندراج کرنے کے لئے الگ سے جوابی پرچہ دیا گیا ہے۔ ہرسوال نمبر کے سامنے **چار** متبادلات کے لئے ترتیب وار چار دائرے دئے گئے ہیں۔اُس میں صحیح متبادل والے دائرے کو دی گئی مثال کے مطابق رنگ بھرنا ہے۔

مثال : سوال نمبر **6** کے صحیح جواب کا متبادل نمبر **2** ہوتو اسے اس طرح درج کریں۔

سوال نمبر **6** :



(5) ذیل کے مطابق درج کئے گئے جوابات قبول نہیں کئے جائیں گے۔



(6) متبادل دائروں کو بھرتے وقت صرف کالی یا نیلی بال پین کا استعمال کریں۔پینسل سے بھرے گئے جوابات نا قابل قبول ہونگے۔

(7) ایک بار درج کیا ہوا جواب تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

(8) سوالیہ پرچہ میں زیادہ سے زیادہ %20 سوالات کے چار متبادل میں سے دو متبادل صحیح ہوں گے۔ وہ دونوں متبادل درج کرنا لازمی ہے۔ ایسے سوالات کے سامنے، 'دو صحیح متبادل پہچانیے' اس طرح کی ہدایت دی ہوئی ہوگی۔

(9) ''دو صحیح متبادل پہچانیے'' ، ایسی ہدایت کے علاوہ دیگر سوالات کے لئے ایک سے زائد دائرہ درج کرنے پر یا کانٹ چھانٹ کئے ہوئے جوابات نا قابل قبول ہوں گے۔

(10) سوالیہ پرچہ میں ہر ایک صفحہ کے نچلی جانب رف کام کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے، اسی جگہ پر رف کام کیا جائے۔

(11) امتحان کے لئے وقت محدود ہے اس لئے اگر آپ کو کسی سوال کا جواب نہیں آتا ہوتو آگلا سوال حل کریں۔ آخر میں وقت بچنے پر بقیہ سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

(12) اگر کسی سوال میں خامی/غلطی ہوتو اس کی پوچھ تاچھ 'سُپر وائزر' یا 'سینٹر انچارج' سے نہ کریں۔

(13) سوال میں کوئی خامی/غلطی/اعتراض ہوتو اس کا تحریری شکایت کسی سرپرست یا اسکول B.E.O. یا ایجوکیشن آفیسر کو نہ بھیجتے ہوئے براہِ راست پریکشا پریشد کے نام راست/ڈاک/ای- میل کے ذریعے روانہ کریں۔

(14) خامی/غلطی/اعتراض سے متعلق تحریری شکایت روانہ کرنے کی مدت پریکشا پریشد کی ویب سائیٹ پر عارضی جوابات شائع کرنے کے دس دنوں تک رہے گی۔ دی گئی مدت کے آخری دِن تک وصول ہونے والی تحریری شکایتوں پر ہی غور کیا جائے گا۔

(15) طباعت کی غلطی یا دیگر وجوہات کی وجہ سے اگر سوال میں کوئی غلطی سرزد ہوگئی تو ماہرین کی کمیٹی کی آراء کے مطابق اس سوال کو منسوخ کیا جائے گا۔

# حصّہ I

# زبان اول

**سوال نمبر1 تا 3 : ذیل میں دی گئی عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور اسکے نیچے دیئے گئے سوالات کے صحیح جواب متبادل میں سے تلاش کیجئے۔**

سائنس کو انسانی قدروں سے کوئی خاص سروکار نہیں۔اس کی ایجادوں کی مدد سے انسانیت ترقی کر سکتی ہے اور اِن ہی سے انسانیت تباہ و برباد بھی ہوسکتی ہے۔آج کے خونیں مناظر کے تصور سے دل بے اختیار ہوکر کہہ اُٹھتا ہے''کاش! سائنس نے یہ ترقیاں نہ کی ہوتیں!''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسانیت خودکشی پر آمادہ ہے اور اس جرم میں سائنس اُس کا معین مددگار ہے۔یہ بھی صحیح ہے کہ سائنس کی کسی ایجاد سے ناجائز مصرف لینے کا ذمہ دار انسان ہے، سائنس نہیں۔کہہ سکتے ہیں کہ سائنس تو ہمیں قتل و غارت گری کی تلقین نہیں کرتا، انسان کو خودکشی پر نہیں اُبھارتا، اس لئے سائنس مورِدِالزام نہیں۔یہ بات ایک حد تک صحیح ہے لیکن ہمیں یہ نہ بھولنا چاہئے کہ سائنس پر سماجی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔یہ انسانی بہبودی کے لئے عالم وجود میں آیا۔سائنس تباہی و بربادی کے سامان مہیا کر کے علیحدگی اختیار نہیں کرسکتا اور یہ کہہ کر الزام سے بری نہیں ہوسکتا کہ چیزیں تو ایجاد ہوگئیں، اب ان سے کام لینا میرا کام نہیں۔سائنس اور سائنس دانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی ایجاد کی ہوئی چیزوں کو انسانیت کی تباہی کا ذریعہ نہ بننے دیں۔

1. انسانیت کی تباہ و بربادی اور ترقی کا ذمہ دار کون ہے؟

(1) انسانی قدریں
(2) سائنس داں
(3) خود انسان
(4) سائنسی ایجادات

2. سائنس کا عالمِ وجود میں آنے کا کیا مقصد ہے؟

(1) انسانی مصرف کے لئے
(2) انسانی بہبودی کے لئے
(3) انسانی قدروں کے لئے
(4) نئی نئی ایجادوں کے لئے

3. سائنس اور سائنس دانوں کا کیا فرض ہے؟

(1) وہ اپنی ایجاد کی ہوئی چیزوں کو انسانیت کی تباہی کا ذریعہ نہ بننے دیں
(2) وہ اپنی ایجاد کی ہوئی چیزوں کو انسانیت کی تباہی کا ذریعہ بنا دیں
(3) وہ اپنی ایجاد کی ہوئی چیزوں کو خود تک محدود رکھیں
(4) وہ اپنی ایجاد کی ہوئی چیزوں کو مفت میں تقسیم کریں

سوال نمبر 4 تا 6 : مندرجہ ذیل نظم کو پڑھ کر اس کے نیچے دئے ہوئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔

نظر جھکائے عروسِ فطرت جبیں سے زلفیں ہٹا رہی ہے
سحر کا تارہ ہے زلزلے میں افق کی لو تھرتھرا رہی ہے
روش روش نغمہء طرب ہے چمن چمن جشنِ رنگ و بو ہے
طیور شاخوں پہ ہیں غزل خواں کلی کلی گنگنا رہی ہے
ستارۂ صبح کی رسیلی جھپکتی آنکھوں میں ہیں فسانے
نگارِ مہتاب کی نشیلی نگاہ جادو جگا رہی ہے
طیور بزم سحر کے مطرب لچکتی شاخوں پر گا رہے ہیں
نسیمِ فردوس کی سہیلی گلوں کو جھولا جھلا رہی ہے
کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے شبنم کا ایک موتی
نہیں یہ ہیرے کی کیل پہنے کوئی پری مسکرا رہی ہے

4. شاعر اس نظم میں کس وقت کے منظر کو بیان کر رہا ہے؟

(1) رات (2) صبح

(3) دوپہر (4) شام

5. بزمِ سحر کا مطرب کسے کہا گیا ہے؟

(1) ہوا (2) درخت

(3) پرندے (4) شبنم

6. دی گئی نظم میں سے 'چاند' کا ہم معنی لفظ تلاش کیجیے:

(1) مہتاب (2) طیّور

(3) سحر (4) افق

7. 'شکیب'

اِس لفظ کے معنی بتائیے:

(1) آندھی (2) ہیرا

(3) حیات (4) برداشت

8. ’لاغر‘ کا متضاد لفظ متبادل سے تلاش کیجئے:

(1) بیمار
(2) فربہ
(3) سُست
(4) بخیل

9. ’اِملا‘ کے لحاظ سے درست لفظ کی شناخت کیجئے:

(1) نہ ہنجار
(2) ناحنجار
(3) ناہنجار
(4) نہ حنجار

10. ’جیسی کرنی ویسی بھرنی‘ اس کہاوت کے لئے مناسب متبادل دئے گئے ہیں؟ ذیل میں سے صحیح دو متبادل تلاش کیجئے:

(1) اچھے کا بدلہ برا
(2) برے کا بدلہ اچھا
(3) اچھے کا بدلہ اچھا
(4) برے کا بدلہ برا

11. لفظوں کے مجموعے کے لئے نیچے دیے ہوئے متبادل میں سے مناسب لفظ پہچانیے ۔

'کسی حاکم کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا ۔۔۔۔'

(1) مصاحب (2) وزیر

(3) ظریف (4) شہزادہ

12. کلجا پکڑ ماں تو بس رہ گئی:

کلی کی طرح سے <u>بکس رہ گئی۔</u>

دیے گئے شعر میں خط کشیدہ محاورے کے معنی متبادل سے پہچانیے :

(1) مجبور ہو جانا (2) مُرجھا کر رہ جانا

(3) پہلو میں درد ہونا (4) خاموش ہو جانا

13. آواز کے اعتبار سے حروفِ تہجی کی کتنی قسمیں ہیں؟

(1) پانچ (2) تین

(3) دو (4) ایک

14. ’کیا ذہانت پائی ہے اس غریب نے‘

بتایئے مندرجہ بالا جملے میں فجائیہ علامت کہاں لگائیں گے؟

(1) نے!
(2) کیا!
(3) ذہانت!
(4) اس!

15. ’بڑے میاں نے کوشش کی کہ کسی طرح تو ہم پرستی ختم ہو جائے۔‘

مندرجہ بالا جملے میں حروفِ عطف پہچانیے :

(1) کی
(2) کہ
(3) کسی
(4) نے

16. دیئے گئے متبادلات میں صرف مذکر جنس کا گروہ پہچانیے (دو متبادل کا انتخاب کیجئے ):

(1) بکرا، ملازمہ، سیدانی
(2) شوہر، کتیا، عورت
(3) حاجی، ذاکر، ہاتھی
(4) بادشاہ، نواب، جوگی

17. متبادل میں واحد- جمع کی جوڑیاں دی گئی ہیں جس میں ایک جوڑی غلط ہے، اسکا متبادل پہچانیے :

(1) کائی— کائیاں (2) سیّارہ—سیّارگاں

(3) حکم— حکماء (4) یوم—ایّام

18. متبادل میں چند جملے دیئے گئے ہیں۔ اس میں جو 'استفہامیہ اقراری' جملہ ہے، اسے پہچانیے :

(1) یہ قافلہ کہاں سے چلا ہے؟

(2) کیا تم نہیں جانتے جھوٹ بولنا گناہ ہے؟

(3) میں اسے کیسے بلاتا؟

(4) پھر کیا تم خاک جانتے ہو؟

19. ناصح مشفق تیری صفت ہے اور مرشدِ برحق تیرا نام ہے۔

مندرجہ بالا جملے کی قسم پہچانیے۔

(1) سوالیہ جملہ (2) مخلوط جملہ

(3) مفرد جملہ (4) مرکب جملہ

20. درج ذیل جملے میں خط کشیدہ علامت کا نام بتایئے۔

''کہا تو بھائی ؛ اس وقت نہیں دیکھ سکتی'' پھر کسی وقت آنا۔''

(1) سکتہ (2) تفصیلہ

(3) رابطہ (4) ختمہ

21. درج ذیل جملوں میں صحیح رموز واوقاف استعمال ہونے والے جملے کی شناخت کیجئے :

(1) ''قاضی صاحب! نکاح پڑھایئے؟''

(2) ''وہ شرطیں کیا ہیں''

(3) ''لڑکو! ہوشیار ہو جاؤ! سواری آرہی ہے''

(4) ''ہاں! حضور! آپ آیئے''

22. درج ذیل جملے میں ماضی کی قسم پہچانیے :

کاش! میں وزیرِ اعظم ہوتا۔

(1) ماضی تمنائی (2) ماضی شرطیہ

(3) ماضی احتمالی (4) ماضی شکّی

23. علامہ اقبال کے دو تصانیف مندرجہ ذیل متبادل میں سے تلاش کیجئے :

(1) بانگ درا

(2) ضرب کلیم

(3) اندازِ بیاں

(4) ہوائی قلعے

24. درج ذیل شعر میں صنعت کی قسم پہچانیے :

ادا کی سنت شبیرؓ کس نے یوں زمانے میں

گئے کتنے سلاطین کس نے سمجھا خون کو پانی

(1) صنعت تشبیہہ

(2) صنعت تلمیح

(3) صنعت مبالغہ

(4) صنعت تضاد

25. ''جغرافیہ ناک اور کان کا، اس سبق کے مصنف کا نام بتایئے :

(1) اطہر پرویز

(2) راجندر سنگھ بیدی

(3) طالب زیدی

(4) علی عباس حسینی

## حصّہ II

# حساب

**.26** کتنا ? = $\dfrac{\left(\sqrt{x}\right)^{\frac{3}{5}} \times \left(\sqrt{x}\right)^{\frac{2}{5}} + 2\sqrt{x}}{2\left(\sqrt{x}\right)^{\frac{2}{3}} \times \left(\sqrt{x}\right)^{\frac{1}{3}} + \sqrt{x}}$

(دو صحیح متبادل پہچانیے)

(1) $\left(\sqrt{x}\right)^{0}$ (2) $1$

(3) $\left(\sqrt{x}\right)^{1}$ (4) $3\sqrt{x}$

**.27** عددی خط پر نقطہ M ، $\dfrac{2}{3}$ کو ظاہر کرتا ہے۔ نقاط M اور N کا درمیانی فاصلہ 3 اکائی ہو تو نقطہ N کس عدد کو ظاہر کرے گا؟ (دو صحیح متبادل پہچانیے)

(1) $-\dfrac{7}{3}$ (2) $+\dfrac{11}{3}$

(3) $\dfrac{5}{3}$ (4) $-\dfrac{1}{3}$

**Space for Rough Work**

**28.** ایک مدرسہ کے جماعت ہشتم کی B فریق میں لڑکیوں کی تعداد لڑکوں کی تعداد سے تین گنا سے 20 کم ہے۔ اس فریق میں طلبا کی کُل تعداد 68 ہو تو لڑکیوں کی تعداد کتنی ہوگی؟

(1) 42 (2) 44

(3) 48 (4) 46

**29.** مندرجہ ذیل بیانات پڑھیے اور صحیح بیان متبادل میں سے منتخب کیجئے:

(الف) 182 یہ عدد 2 سے پوری طرح تقسیم پذیر ہے۔

(ب) 182 یہ عدد 7 سے پوری طرح تقسیم پذیر ہے۔

(ج) 182 یہ عدد 14 سے پوری طرح تقسیم پذیر ہے۔

(1) صرف (الف) صحیح ہے (2) صرف (ب) صحیح ہے

(3) (ب) غلط ہے (4) (الف)، (ب) اور (ج) صحیح ہیں


**30.** $\frac{\sqrt{1.96} + \sqrt{2.25} + \sqrt{2.89}}{\sqrt{0.002116}} =$ کتنا ?

(1) $10^2$ (2) $10^{13}$

(3) $10^{-2}$ (4) $10^3$

**Space for Rough Work**

**31.** ذیل کی شکل میں ، CD خط || AB خط ، خط PR ایسا خط تقاطع ہے جو خط AB کو نقطہ P پر اور خط CD کو نقطہ R پر قطع کرتا ہے۔ اگر داخلی زاویوں کی ایک جوڑی کے زاویہ کے ناصف ایکدوسرے کو نقطہ 'T' پر قطع کرتے ہوں تو PTR ∠ کی پیمائش کتنی ہوگی؟




(1) 30°    (2) 45°

(3) 60°    (4) 90°

**32.** شکر کی قیمت میں 25% اضافہ ہونے کے وجہ سے اس کی فروخت 15% سے کم ہوگئی ،تو بتایئے فی صد نفع یا فی صد نقصان کتنا ہوا؟

(1) 5.25% نقصان    (2) 6.25% نفع

(3) 7.25% نفع    (4) 4.25% نقصان

**Space for Rough Work**

33. ? کتنا = $(a^x)^{y-z} \times (a^y)^{z-x} \times (a^z)^{x-y}$

(1) $a^{xyz}$ (2) $a^1$

(3) 1 (4) 0

34. ایک شئے کی قیمت میں 20% کا اضافہ ہوا۔ کچھ دنوں بعد اس کی قیمت مزید 20% سے کم ہوگئی، تو آخری قیمت، اصل قیمت سے کم ہوگی یا زیادہ اور کتنی؟

(1) 10 روپئے سے کم (2) 4 روپئے زیادہ

(3) 4 روپئے سے کم (4) قیمت وہی ہوگی

35. ایک مربع کا وتر 7 سم ہے، تو بتائیے اس کے ایک ضلع کی لمبائی کتنی ہوگی؟

(1) $3\sqrt{2}$ سم (2) $3.5\sqrt{2}$ سم

(3) $5\sqrt{2}$ سم (4) $7\sqrt{2}$ سم

**Space for Rough Work**

**36.** استوانہ شکل کی ایک ٹنکی کا نصف قطر 14 سم ہے۔ اس ٹنکی میں پانی ہے۔ اس میں 14 سم لمبا، 11 سم چوڑا اور 12 سم اونچا دھاتی ٹکڑا ڈالا جائے تو اس ٹنکی میں پانی کی اونچائی کتنی زیادہ ہوگی؟

(1) 3 سم
(2) 2.5 سم
(3) 2 سم
(4) 3.5 سم

**37.** ایک زاویہ کے متمم زاویہ اور مکملہ زاویہ کا تناسب 4 : 13 ہے، تو بتائیے اس زاویہ کی پیمائش کیا ہوگی؟

(1) 40°
(2) 50°
(3) 65°
(4) 85°

**38.** ایک دائرہ کے مرکزی زاویہ کی پیمائش 135° ہے، تو بتائیے اس زاویہ کے نظیری اکبر قوس کی پیمائش کتنی ہوگی؟

(1) 270°
(2) 125°
(3) 135°
(4) 225°

**Space for Rough Work**

39. ایک موٹر کار کی رفتار 50 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔اس کار سے ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں پہنچنے کے لئے 6 گھنٹے درکار ہوتے ہیں۔اسی کار سے اسی گاؤں 4 گھنٹے میں پہنچنے کے لئے گاڑی کی رفتار کتنی ہونی چاہیئے؟

(1) 25 کلومیٹر فی گھنٹہ
(2) 40 کلومیٹر فی گھنٹہ
(3) $33\frac{1}{3}$ کلومیٹر فی گھنٹہ
(4) 75 کلومیٹر فی گھنٹہ

40. ایک دکاندار نے 200 روپئے فی درجن کے حساب سے 50 درجن بیاضیں خریدی۔ وہ تمام بیاضیں 225 روپئے فی درجن کے حساب سے فروخت کرنے پر اسے کتنے فی صد نفع ہوگا؟

(1) 10.5%
(2) 11.5%
(3) 12.5%
(4) 14.5%

41. 'O' مرکز والے ایک دائرہ کا نصف قطر 13 سم ہے۔اس دائرہ کے ایک وتر کا مرکز سے فاصلہ 5 سم ہے،تو اس وتر کی لمبائی معلوم کیجئے۔

(1) 24 سم
(2) 12 سم
(3) 13 سم
(4) 26 سم

**Space for Rough Work**

**.42** 21 سے 30 تک کے اعداد کے درمیان میں آنے والے مفرد اعداد کا مجموعہ اور مرکب اعداد کے مجموعہ کا فرق درج ذیل میں سے کس عدد سے پوری طرح تقسیم پذیر ہوگا ؟

(الف) 3 (ب) 7

(ج) 151 (د) 17

(1) (الف) اور (ب) سے تقسیم پذیر ہے

(2) صرف (ب) سے تقسیم پذیر ہے

(3) صرف (ج) سے تقسیم پذیر ہے

(4) صرف (د) سے تقسیم پذیر ہے

**.43** ایک مثلث کے دو خارجہ زاویے بالترتیب °140 اور °130 ہیں، تو بتایئے وہ مثلث کونسی قسم کا مثلث ہوگا ؟

(1) حادۃ الزاویہ مثلث (2) منفرجۃ الزاویہ مثلث

(3) قائمۃ الزاویہ مثلث (4) متساوی الاضلاع مثلث

**Space for Rough Work**

**.44** قواعد کے لئے جماعت ششم کی 45 لڑکیاں، جماعت ہفتم کی 30 لڑکیاں اور جماعت ہشتم کی 60 لڑکیوں کو کھیل کے میدان پر جماعت کے لحاظ سے الگ الگ قطار میں کھڑا کرنا ہے۔ ہر قطار میں لڑکیوں کی تعداد یکساں ہو اس غرض سے ایک قطار میں زیادہ سے زیادہ کتنی لڑکیاں ہونگی ؟

(1) 12     (2) 15

(3) 18     (4) 20

**.45** 33 سم لمبا، 18 سم چوڑا اور 8 سم اونچا ٹھوس دھاتی مکعب نما کندہ کو پگھلا کر 0.2 سم موٹائی اور 6 سم قطر والے کتنے سکے ڈھالے جاسکتے ہیں؟

(1) 540     (2) 640

(3) 740     (4) 840

**.46** اسماء باجی نے ایک اسکوٹر 55,000 روپے میں خریدی۔ استعمال شدہ اسکوٹر کی قیمت ہر سال 8% سے کم ہوتی ہے، تو بتایئے کہ دو سال کے بعد اس اسکوٹر کو فروخت کرنے پر اُنہیں کتنے روپے حاصل ہونگے ؟

(1) 46,552 روپے     (2) 64,152 روپے

(3) 61,452 روپے     (4) 43,525 روپے

**Space for Rough Work**

47. ایک جماعت کے 20 طلبہ کے قد کی اونچائی کو ظاہر کرنے والا تعددی جدول ذیل میں دیا گیا ہے۔اس کی بناء پر ان کی اونچائی کا میانیہ معلوم کیجئے :

| اونچائی ( سم ) | تعدد |
|---|---|
| 151 | 7 |
| 153 | 4 |
| 155 | 6 |
| 157 | 3 |

(1) 154 سم (2) 153.5 سم

(3) 153 سم (4) 154.5 سم

48. ایک زمین میں 8 میٹر لمبا، 5 میٹر چوڑا اور 1.5 میٹر گہرا گڑھا کھود کر اس کی مٹی کو 25 میٹر لمبائی اور 16 میٹر چوڑائی والے مستطیل نما سطح زمین پر یکساں بچھائی گئی، تو بتایئے اس مٹی کی تہہ کی موٹائی کتنی ہوگی؟ ( دو صحیح متبادل پہچانیے )

(1) 0.15 میٹر (2) 15 سم

(3) 0.015 سم (4) 1.50 میٹر

**Space for Rough Work**

49. $\frac{y^2}{25} + 64x^2$ اس الجبری عبارت کو کامل مربع بنانے کے لئے درج ذیل میں سے کونسا رکن جمع کریں گے؟ (دو صحیح متبادل پہچانیے)

(1) $\frac{16}{5}xy$ (2) $-\frac{16}{5}xy$

(3) $\frac{+8}{5}xy$ (4) $-\frac{8}{5}\frac{x}{y}$

50. ? کتنا $= \frac{0.36 \times 0.27 \times 0.001}{0.06 \times 0.03 \times 0.1}$

(1) 5.4 (2) 5.04

(3) 54 (4) 540

51. 13 سم ضلع والے معین کے ایک وتر کی لمبائی 24 سم ہو تو دوسرے وتر کی لمبائی کتنی ہوگی؟

(1) 5 سم (2) 10 سم

(3) 13 سم (4) 12 سم

**Space for Rough Work**

52. عرشین نے مفرد سود کے حساب سے ایک بینک میں 15,000 روپے 3 سال کے لئے رکھے۔

مدّت ختم ہونے پر اسے 24,000 روپے حاصل ہوئے، تو بتایئے سود کی شرح کتنی ہوگی؟

(1) 20 فی صدی فی سال (2) 15 فی صدی فی سال

(3) 22 فی صدی فی سال (4) 25 فی صدی فی سال

53. مندرجہ ذیل میں سے کونسا بیان درست ہے؟

(الف) مربع، مستطیل ہوتا ہے

(ب) مستطیل، متوازی الاضلاع ہوتا ہے

(ج) مربع، متوازی الاضلاع ہوتا ہے

(د) معین، مربع ہوتا ہے

(دو صحیح متبادل پہچانیے)

(1) (الف) اور (ب) صحیح ہیں (2) (ب) اور (ج) صحیح ہیں

(3) (الف)، (ب)، (ج)، (د) صحیح ہیں (4) (ج) اور (د) صحیح ہیں

**Space for Rough Work**

54. ایک مخروط کی خمدار سطح کا رقبہ 204.1 مربع سم ہے۔ اس کے قاعدہ کا نصف قطر 5 سم ہو تو مخروط کی بلندی کتنی ہو گی؟ ($\pi = 3.14$ لیجئے)

(1) 5 سم　　(2) 12 سم

(3) 13 سم　　(4) 40.8 سم

55. $3x^3 - 2x^2 + 3$ اس کثیر رکنی میں کونسی کثیر رکنی جمع کرنے پر $3x^2 + 4$ یہ کثیر رکنی حاصل ہو گی؟

(1) $3x^3 + 5x^2 + 1$　　(2) $3x^2 - 5x + 1$

(3) $-3x^3 + 5x^2 + 1$　　(4) $-3x^3 - 5x^2 + 1$

56. آصف نے 9 لاکھ روپئے میں خریدی ہوئی ایک زمین 15 فی صدی نفع کے حساب سے فروخت کر دی، تو بتایئے اسے کتنے روپئے حاصل ہونگے؟

(1) 10,25,000 روپئے　　(2) 10,20,000 روپئے

(3) 10,35,000 روپئے　　(4) 10,45,000 روپئے

**Space for Rough Work**

.57 ؟ کتنا = $\dfrac{10.5 \times 10.5 - 15 \times 10.5 + 7.5 \times 7.5}{10.5 - 7.5}$

(1) 17 (2) 3

(3) 6 (4) 22

.58 ایک اسمبلی ہال کی لمبائی 20 میٹر اور چوڑائی 17 میٹر ہے۔ اس اسمبلی ہال میں آدھا میٹر ضلع والے مربع نما فرشیاں بٹھانی ہیں، تو بتایئے ایسی کتنی فرشیاں درکار رہوں گی؟

(1) 1360 (2) 68

(3) 680 (4) 1630

.59 720 میٹر لمبائی والی ایک رسّی کو یکساں فاصلہ پر 7 جگہ سے کاٹنے پر ہر ایک ٹکڑے کی لمبائی کتنی ڈیسی میٹر ہو گی؟

(1) 800 ڈیسی میٹر (2) 700 ڈیسی میٹر

(3) 900 ڈیسی میٹر (4) 1020 ڈیسی میٹر

**Space for Rough Work**

**60.** $(2x+3)^3+64$ اس کثیر رکنی کے اجزائے ضربی درج ذیل میں سے پہچانیے :

(1) $2(2x+7)(2x^2+2x+13)$  (2) $(2x+7)(4x^2+4x+13)$

(3) $(2x+7)(4x^2-4x+13)$  (4) $(2x+3)(4x^2+4x+13)$

**61.** ایک دکاندار نے موبائل کی چھپی ہوئی قیمت پر 8% رعایت دی۔ اس نے ایک موبائل 18,400 روپئے میں فروخت کیا، تو بتایئے موبائل کی چھپی ہوئی قیمت کیا ہوگی؟

(1) 20,000 روپئے  (2) 23,000 روپئے

(3) 2,300 روپئے  (4) 10,000 روپئے

**62.** ایک دائرہ نما باغ کا نصف قطر 35 میٹر ہے۔ باغ کے اردگرد چار پھیرے والے تار کی باڑ لگانے میں 44 روپئے فی میٹر کے حساب سے کتنا خرچ آئے گا؟

(1) 38,720 روپئے  (2) 38,730 روپئے

(3) 38,740 روپئے  (4) 38,750 روپئے

**Space for Rough Work**

63. ایک مربع کا ضلع 12 سم ہے۔اس مربع کو وتر پر کاٹنے پر حاصل ہونے والے دو مثلث میں سے ایک مثلث کا احاطہ کتنا ہوگا؟

(1) $10\left(2+\sqrt{2}\right)$ سم

(2) $12\sqrt{2}$ سم

(3) $12\left(2+\sqrt{2}\right)$ سم

(4) $24\sqrt{2}$ سم

64. ? کتنا = 7.5% کا 1730 (دو صحیح متبادل پہچانیے)

(1) 129.75

(2) $12975 \times 10^{-2}$

(3) $12975 \times 10^{-3}$

(4) 12.975

65. ایک متساوی الاضلاع مثلث کا ہر ضلع 12 سم ہو تو اس مثلث کا رقبہ معلوم کیجئے:

(1) $48\sqrt{3}$ مربع سم

(2) $36\sqrt{3}$ مربع سم

(3) $24\sqrt{3}$ مربع سم

(4) 36 مربع سم

**Space for Rough Work**

**66.** درج ذیل میں سے کونسی الجبری عبارت کثیر رکنی نہیں ہے؟

(الف) $x^2 - \frac{3}{x} + 7$ (ب) $5x^2 - 10x - 5$

(ج) $-\frac{10}{3}x^3 - 5x$ (د) $\sqrt{3}x^5 - \frac{7}{2}x - \frac{3}{2}$

(1) (الف) (2) (ب)

(3) (ج) (4) (د)

**67.** ایک قائمۃ الزاویہ مثلث میں قائمہ زاویہ بنانے والے اضلاع کی لمبائی 5 سم اور 12 سم ہے، تو بتائیے اس مثلث کے حائط دائرہ کا نصف قطر کتنا ہوگا؟

(1) 6.5 سم (2) 3.5 سم

(3) 13 سم (4) 6 سم

**68.** ایک ٹریکٹر کے پہیے کا قطر 2.1 میٹر ہے۔ اس پہیے نے 250 چکر مکمل کرتے ہوئے کچھ فاصلہ طے کیا، تو پہیے کا طے شدہ فاصلہ کتنا ہوگا؟

(1) 1.75 کلومیٹر (2) 1.60 کلومیٹر

(3) 1.55 کلومیٹر (4) 1.65 کلومیٹر

**Space for Rough Work**

69. نسیم کے پاس جتنے 5 روپئے کے سکّے ہیں اتنے ہی 20 روپئے کے نوٹ ہیں۔ اس کے پاس کُل 600 روپئے ہیں، تو نسیم کے پاس نوٹوں کی تعداد کتنی ہوگی؟

(1) 48 (2) 24

(3) 60 (4) 72

70. $(5m + 7n)$ کے جمعی معکوس اور $(-2m - 3n)$ کے جمعی معکوس اعداد کا مجموعہ کتنا ہوگا؟

(1) $3m + 4n$ (2) $-3m - 4n$

(3) $7m - 4n$ (4) $-7m + 4n$

71. درج ذیل میں صحیح تعلق ظاہر کرنے والا متبادل پہچانیے :

(1) $\frac{-2}{3} > \frac{-1}{2}$ (2) $\frac{-2}{3} > \frac{1}{2}$

(3) $\frac{-5}{4} < \frac{-2}{3}$ (4) $\frac{5}{4} < \frac{-2}{3}$

72. ایک ہی مشترک ساق والے دو زاویوں کی پیمائش $35°$ اور $55°$ ہے تو بتایئے درج ذیل میں سے کونسا بیان درست ہوگا؟

(1) وہ ایکدوسرے کے مکملہ زاویے ہیں


(2) وہ ایکدوسرے کے متصلہ زاویے ہیں

(3) وہ ایکدوسرے کے متقابلہ زاویے ہیں

(4) وہ ایکدوسرے کے متمم زاویے ہیں

**Space for Rough Work**

سوال نمبر 73 اور 74 : ایک شہر کے چار گل الگ وارڈ میں رہنے والے بچوں کو پولیو کی دوا دی گئی یا نہیں،
اس کا جائزہ لے کر حاصل شدہ معلومات کو درج ذیل تقسیمی ستونی ترسیم کے ذریعے بتایا گیا
ہے۔ اس کا مشاہدہ کیجئے اور دئے ہوئے سوالوں کے جواب دیجئے۔




**Space for Rough Work**

73. کل کتنے بچوں نے پولیو کی دوا نہیں لی ؟

(1) 200 (2) 80

(3) 70 (4) 180

74. وارڈ A اور وارڈ D میں پولیو کی دوا پینے والے بچوں کا تناسب کیا ہوگا ؟

(1) 6 : 5 (2) 5 : 2

(3) 2 : 5 (4) 5 : 6

75. 1 تا 50 تک کے طبعی اعداد کا اوسط، 1 تا 25 تک کے اعداد کے اوسط سے کتنا زیادہ ہوگا ؟

(1) 25.5 (2) 12.5

(3) 13 (4) 22.5

**Space for Rough Work**

**Space for Rough Work**

**Space for Rough Work**